**Series JMS/1**

**SET-1**

کوڈ نمبر

Code No. **48/1/1**

رول نمبر

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اس سوال کے پرچے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 6 + 1 نقشہ ہے۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 26 ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق سوال کا سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقت کے دوران طلباء پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **6** printed pages **+ 1 Map.**
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **26** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10. 15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

(Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

Time allowed : 3 hours ]

کل نمبر : 80

[ Maximum marks : 80

P.T.O.

عام ہدایات :

(a) اس سوالنامے کو چار حصّوں، حصّہ -A، حصّہ -B، حصّہ -C اور حصّہ -D میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(b) اس سوالنامے میں کل 26 سوال ہیں۔

(c) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(d) ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر دیے گئے ہیں۔

(e) سوال نمبر 1 سے 7 تک بہت چھوٹے جواب والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 1 نمبر کا ہے، ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب 30 لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(f) سوال نمبر 8 سے 18 تک 3 نمبر والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال کا جواب 80 لفظوں سے زیادہ نہ ہو۔

(g) سوال نمبر 19 سے 25 تک 5 نمبر والے سوال ہیں۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب 100 لفظوں سے زیادہ نہ ہو،

(h) سوال نمبر 26 نقشے کا سوال 5 نمبر کا ہے، اس کے دو حصے ہیں 26(A) '2 نمبر کا ہسٹری سے ہے اور 26(B) '3 نمبر کا جغرافیہ سے ہے۔ نقشے کا سوال پورا کرنے کے بعد نقشے کو اپنی جوابی کاپی کے اندر لگائیے۔

## حصّہ-A

1. انیسویں صدی کے دوران یورپ میں معاشی (sphere) اعتبار سے 'لبرلائزیشن' (liberalisation) کو (interpret) بیان کیجیے۔ 1

یا

میکونگ ڈیلٹا (Mekong delta) کے علاقے کی معاشی ترقی میں فرانسیسیوں کے رول کو بیان کیجیے۔

2. جاپان میں ہاتھ سے چھپائی کی ٹیکنیک (ٹکنالوجی) کیسے شروع ہوئی؟ 1

یا

علاقائی زبانوں میں ترجمہ کرنے کے عمل نے ناولوں کی شہرت کو بڑھانے میں کیسے مدد کی؟

3. پنجاب میں ضرورت سے زیادہ سینچائی (آب پاشی over irrigation) زمین کی خستہ حالی اور گراوٹ (land degradation) کے لیے کیسے ذمہ دار ہے؟ 1

یا

سیمنٹ انڈسٹری زمین کی خستہ حالی اور گراوٹ (land degradation) کے لیے کیسے ذمہ دار ہے؟

4. سیاسی طور پر واقف شہریوں کے ذریعے جمہوری اصلاحات (democratic reforms) کیسے کی جاسکتی ہیں؟ 1

5. بے زمین دیہی مزدوروں (landless rural labourers) کے لیے ان کی آمدنی میں ترقی کا کیا مقصد ہوسکتا ہے؟ 1

یا

پنجاب کے خوش حال کسان کی ترقی کا مقصد کیا ہوسکتا ہے؟

6. 'ابتدائی' اور 'ثانوی' سیکٹروں (شعبوں) میں فرق واضح کیجئے۔ 1

7. بینک اور قرض دہندگان قرض کے بدلے ضمانت کی مانگ کیوں کرتے ہیں؟ 1

## حصہ-B

8. نپولین کوڈ کو فرانسیسی مقبوضہ علاقوں میں کس طرح لاگو کیا گیا؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 3x1=3

یا

ویت نام کی معاشی ترقی کے لیے ذمہ دار تین رکاوٹوں (barriers) کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

9. چین میں شاہی ریاست (چینی امپریل اسٹیٹ) کس طرح ایک طویل عرصے تک طبع شدہ مواد تیار کرنے والا اہم ترین ادارہ بنی رہی؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 3x1=3

یا

یورپ میں انیسویں صدی کے دوران ناول کس طرح لوگوں کے لیے آسانی سے حاصل ہو رہے تھے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

10. 'ربیع فصل کے موسم' (Rabi crop season) کی کوئی اہم تین خصوصیات بیان کیجئے۔ 3x1=3

یا

'خریف فصل کے موسم' (Kharif crop season) کی کوئی تین اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

11. ''ہندوستان میں بہت زیادہ اور بڑھتی ہوئی آبادی پانی کی کمی کی وجہ ہوسکتی ہے'' اس قول کا جائزہ لیجئے۔ 3x1=3

12. ''کسی جمہوری ملک میں سماجی تنوعات پر زور دینا ایک عام بات ہے۔ اور صحت مند بھی ہو سکتی ہے۔''
دلیلوں کے ساتھ اس قول کو ثابت کیجیے۔ 3

یا

''سماجی تقسیمیں سیاست کو متاثر کرتی ہیں'' اس قول کی جانچ کیجیے۔

13. ''ہندوستان میں آزادی کے بعد سے خواتین کی حالت میں کچھ سدھار ہوا ہے۔ لیکن ابھی بھی مردوں سے کافی پیچھے ہیں'' اس قول کا جائزہ لیجیے۔ 3x1=3

14. ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کو کس طرح علاقائی اور قومی پارٹی کی شکل میں منظوری ملتی ہے۔
مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ $1\frac{1}{2}+1\frac{1}{2}=3$

15. ''ماحولیات میں گراوٹ کے نتائج قومی یا ریاست کی سرحدوں کا خیال نہیں رکھتے'' اس قول کو ثابت کیجیے۔ 3

16. ہندوستان میں 'ثالثی شعبہ' (tertiary sector) کیوں اہم ہو رہا ہے؟ کوئی تین وجوہات بیان کیجیے۔ 3

یا

کسی ملک کے مجموعی گھریلو پیداوار (جی۔ڈی۔پی) معلوم کرنے کے لیے مختلف اشیاء اور خدمات کا کس طرح حساب لگاتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔

17. معاشی ترقی میں رسمی حلقہ قرض کے وسائل کی اہمیت بیان کیجیے۔ 3x1=3

یا

غیر رسمی حلقہ قرض کے وسائل کے قرض داروں پر پڑنے والے برے اثرات بیان کیجیے۔

18. صارفین 'استحصال کے خلاف دادرسی' (تدارک) کے حق کا استعمال کس طرح کر سکتے ہیں؟
مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔ 3

## حصہ۔C

19. 1930 میں 'ڈیپریسڈ کلاسیز ایسوسی ایشن' (Depressed Classes Association) کے تحت دلتوں کو کس نے منظم کیا؟ اُس کی کامیابیوں کو بیان کیجیے۔ 1+4=5

یا

'سول نافرمانی تحریک' کی تعریف بیان کیجیے۔ 'سول نافرمانی تحریک' میں امیر اور غریب کسان فرقوں کے رول کو بیان کیجیے۔

20. 'انیسویں صدی کی عالمی معیشت کو طے کرنے میں ہندوستانی تجارت نے ایک اہم رول ادا کیا تھا' اس قول کا جائزہ لیجیے 5x1=5

یا

'بیسویں صدی کی پہلی دہائی تک ہونے والی بہت سی تبدیلیوں نے ہندوستان میں صنعتیت کے انداز پر اثر ڈالا۔' اس قول کا جائزہ لیجیے۔

یا

'اس جدید دور میں صنعتیت نے شہری فروغ (urbanization) کی ہیئت (شکل) بدل دی ہے۔' خاص طور پر لندن کے حوالے سے اس قول کا جائزہ لیجیے۔

21. ہندوستان میں ماحولیاتی انحطاط (environment degradation) کے لیے صنعتیں کس طرح ذمہ دار ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔ 5x1=5

22. ''ہندوستان میں ریل کے مقابلے سڑک کی اہمیت نقل وحمل میں زیادہ ہے۔'' اس قول کی تائید مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ 5x1=5

23. محل وقوع (location)، سائز اور کلچرل پہلوؤں کی بنیاد پر بیلجیم اور سری لنکا کی حالت کا موازنہ کیجیے۔ 1+1+3=5

یا

طاقت کی حصہ داری (power sharing) کا خیال کیسے سامنے آیا؟ عام طور پر رائج طاقت کی حصہ داری کے اہتمام کی مختلف صورتوں کی وضاحت کیجیے۔

24. ذمہ دار اور جائز حکومت کی شکل میں جمہوری حکومت کی اہمیت بیان کیجیے۔ 5x1=5

25. ملٹی نیشنل کمپنیاں پیداوار کے لیے دفتروں اور کارخانوں کو صرف خاص علاقوں میں ہی کیوں قائم کرتی ہیں؟ کوئی پانچ وجوہات بیان کیجیے۔ 5x1=5

## حصہ-D (نقشے کا سوال)

26. (A) ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے پر دو خصوصیات A اور B دکھائی گئی ہیں۔ان خصوصیات کو درج ذیل معلومات کی مدد سے پہچانئے۔اوران کے صحیح نام نقشے پر کھینچی گئی لائینوں پر لکھیے۔ 1x2=2

(a) وہ جگہ جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا۔

(b) وہ شہر جہاں جلیاں والا باغ حادثہ ہوا تھا۔

(B) اسی دیے گئے ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے پر درج ذیل میں سے کنہیں تین کو مناسب علامتوں سے دکھایئے اوران کے نام لکھیے 1x3=3

(i) کلپکم۔ نیوکلیائی پاور پلانٹ۔

(ii) وجے نگر۔ لوہا اور فولاد کا پلانٹ۔

(iii) نوئیڈا۔ سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک

(iv) پارادیپ۔ بحری بندرگاہ۔

(v) سردار سرور۔ ڈیم۔

نوٹ:۔ درجہ ذیل سوالات صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 26 کے بدلے۔ان میں سے کنہیں پانچ کا جواب لکھیے۔ 1x5=5

(i) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں جلیاں والا باغ کا حادثہ ہوا۔

(ii) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں گاندھی جی نے 'نمک قانون' توڑا۔

(iii) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں 'چوری-چورا' واقعہ پیش آیا۔

(iv) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں پارادیپ بحری بندرگاہ واقع ہے۔

(v) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں وجے نگر لوہا اور فولاد کا پلانٹ واقع ہے۔

(vi) اس ریاست کا نام لکھیے۔جہاں نوئیڈا سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک واقع ہے۔

(vii) سردار سرور ڈیم کس ندی پر بنا ہے۔

Map for Q. No. **26**

